علمی اعتقادی اور تاریخی
مقالات کا مجموعہ
مقالاتِ
شرفِ قادری
علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری
مرتب
محمد عبدالستار طاہر
مَکتبۂ قادِریَہ ۔ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نام کتاب ---------------- مقالات شرف قادری

تحریر ---------------- شیخ الحدیث علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری

ترتیب و تصحیح ---------------- محمد عبدالستار طاہر مسعودی

حروف ساز ---------------- (۱) حافظ نثار احمد قادری

(۲) الحجاز کمپوزرز، اسلام پورہ لاہور فون#7154080

صفحات ---------------- ۵۸۴

طباعت ---------------- محرم الحرام ۱۴۲۸ھ، ۲۰۰۷ء

باہتمام ---------------- حافظ نثار احمد قادری

ناشر ---------------- مکتبہ قادریہ، لاہور

تعداد ---------------- ایک ہزار

قیمت ---------------- 225 روپے

تقسیم کار

مکتبہ قادریہ

محی الدین منزل، داتا دربار مارکیٹ، لاہور

فون نمبر 7226193

حضرت سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

تہتر فرقوں کی اصل دس قسمیں ہیں:

❶ اہل سنت ❷ خوارج ❸ شیعہ ❹ معتزلہ ❺ مرجیہ ❻ مشبہہ ❼ جہمیہ ❽ ضراریہ ❾ نجاریہ ❿ کلابیہ۔

اہل سنت ایک جماعت ہے ــــ خوارج پندرہ فرقوں پر مشتمل ہیں ــــ معتزلہ کے چھ فرقے ہیں ــــ مرجیہ بارہ فرقوں میں بٹے ہوئے ہیں ــــ شیعہ کے تیس گروہ ہیں ــــ جہمیہ، نجاریہ، ضراریہ، کلابیہ ایک ایک گروہ ہیں ــــ مشبہہ کے تین فرقے ہیں۔ پس یہ کل تہتر فرقے ہیں، جس طرح نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی۔"(۱)

امام ربانی مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

علم کی دو قسمیں ہیں:

(۱) ایک وہ علم ہے جس کا مقصد عمل ہے یہ علم فقہ میں بیان کیا گیا ہے۔

(۲) دوسرا وہ علم ہے جس کا مقصد صرف اعتقاد اور یقین قلبی ہے، یہ علم عقائد میں بیان کیا گیا ہے۔

یہ عقائد اہل سنت و جماعت کی صحیح آراء کے مطابق بیان کئے گئے ہیں، یہ وہ نجات پانے والا فرقہ ہے کہ جن کی پیروی کے بغیر نجات متصور نہیں ہے اور اگر بال برابر بھی مخالفت ہو تو خطرہ ہی خطرہ ہے، یہ بات صحیح کشف اور صریح الہام سے یقین کی حد کو پہنچی ہوئی ہے، اس کے غلط ہونے کا سوال ہی نہیں ہے۔(۲)

---

(۱) غنیۃ الطالبین۔فرید بک سٹال، ص ۲۸۰

(۲) مکتوبات امام ربانی، فارسی، دفتر اول حصہ دوم ص ۳۸